اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نہیں دیکھے گا، جو اپنا کپڑا تکبر و غرور سے زمین پر گھسیٹ کر چلتا ہے۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نہیں دیکھے گا، جو اپنا کپڑا تکبر و غرور سے زمین پر گھسیٹ کر چلتا ہے“۔
[صحیح] [متفق علیہ]

اس حدیث میں ان افراد کو سخت ترین وعید سنائی گئی ہے، جو دنیا میں اپنی بڑائی اور دیگر مخلوق پر اپنی برتری ظاہر کرتے ہوئے اپنے کپڑے زمین پر لٹکائے پھرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے اعراض کرلے گا اور ان پر اپنی نظر رحمت و کرم نہیں ڈالے گا۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی اپنی تمام مخلوقات پر عمومی نظر ڈالنے کے اثبات کی نفی نہیں ہوتی۔ واضح رہے کہ مطلقاً کپڑوں کو لٹکانا حرام ہے اور یہ حرمت اس وقت اور بھی شدید ہوجاتی ہے جب اس عمل کو تکبر کے ساتھ کیا جائے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5370

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY